ایک طویل مقدمہ ہے جس میں فنِ شعر و عروض پر بڑا بصیرت افروز اور معلومات آفریں تبصرہ کیا گیا ہے۔ اس کے بعد اردو کے مشہور بلند پایہ شاعر پروفیسر جمیل مظہری کے قلم سے "تعارف و تبصرہ" ہے جو چھبیس صفحوں میں پھیلا ہوا ہے۔ یہ بھی خاصہ کی چیز ہے اور شعر و ادب کے بہت سے لطیف و رنگین نکات پر مشتمل ہے۔ ارباب ذوق کو اس کے مطالعہ سے شادکام ہونا چاہیے۔

دیوان غالب | مرتبہ مالک رام صاحب تقطیع متوسط ضخامت ۳۶۰ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ قیمت مجلد پانچ روپے پچاس نئے پیسے پتہ:- آزاد کتاب گھر۔ کلاں محل دہلی

بازار میں دیوان غالب کے متعدد اڈیشن ملتے ہیں جن میں نہ صحت کا اہتمام ہے اور نہ جامعیت کا۔ اس لئے اردو زبان کے مشہور محقق اور غالبیات کے ماہر مالک رام صاحب نے بڑی محنت و کاوش سے دیوان کا یہ ایک نیا اڈیشن مرتب کیا ہے۔ اس اڈیشن کا متن تو وہی ہے جو مطبع نظامی کانپور کے اڈیشن (۱۸۶۲ء) کا ہے کیونکہ سب سے زیادہ صحیح یہی اڈیشن ہے۔ لیکن لائق مرتب نے ترتیب کے وقت دوسرے اڈیشن اور کلام غالب کے بعض دوسرے مجموعے بھی پیش نظر رکھے ہیں۔ اس لئے اگر کسی لفظ کے متعلق کوئی دوسرا اڈیشن یا مجموعۂ کلام صحیح تر نظر آیا تو اس کو قبول کرلیا ہے اور نیچے حاشیہ میں اس کا حوالہ دے دیا ہے۔ علاوہ بریں غالب کے کلام کا ایک معتدبہ حصہ لیا ہے جو اُن کے خطوط میں۔ یا بعض اخبارات ورسائل میں یا دوستوں کی بیاضوں میں تو محفوظ ہے مگر دیوان کے کسی اڈیشن میں نہیں پایا جاتا۔ فاضل مرتب نے اس قسم کا تمام کلام بھی "تتمہ" کے زیر عنوان مرتب کر دیا ہے اور شعروں میں کہیں کہیں جو تلمیحات تھیں ان پر حواشی لکھے ہیں شروع میں دیوان غالب کی ترتیب اور اُس کی طباعت و اشاعت سے متعلق خود لائق مرتب کے قلم سے ایک طویل بصیرت افروز مقدمہ ہے۔ ان تمام خصوصیات کے پیشِ نظر اس بات کا دعویٰ بجا طور پر کیا جا سکتا ہے کہ دیوانِ غالب کا کوئی اڈیشن اب تک اس قدر صحیح جامع اور معلومات افزا نہیں شائع ہوا تھا۔ امید ہے کہ اربابِ ذوق اس کی کماحقہٗ قدر کریں گے۔

کتاب الاخلاق | یعنی اسلامی اخلاق از جناب مفتی انتظام اللہ شہابی اکبرآبادی تقطیع خورد ضخامت